Presented by: Rana Jabir Abbas



jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جملہ حقوق بحق (شاعر) ریاض احمد ریاضؔ محفوظ ہیں۔
اس کتاب کے کسی بھی حصے کی فوٹو کاپی، سکینگ یا کسی بھی قسم کی
اشاعت (شاعر) ریاض احمد ریاضؔ کی تحریری اجازت کے بغیر نہیں کی جا سکتی

ناشر	:	ریاض احمد ریاضؔ
طابع	:	الفجر پرنٹنگ اینڈ نیوز پوائنٹ
سن اشاعت	:	اپریل 2012ء
تعداد	:	1000
سرورق و کمپوزنگ	:	الفجر پرنٹنگ اینڈ نیوز پوائنٹ علی پلازہ ہیلاں روڈ پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین
قیمت	:	300/-
ملنے کے پتے	:	امام علیؑ سینٹر کارپی (اٹلی) 00393381301026

ریاض احمد ریاضؔ محلّہ حکیماں نزد امام بارگاہ موجیانوالہ،
ضلع منڈی بہاؤالدین
الفجر پرنٹنگ اینڈ نیوز پوائنٹ
علی پلازہ ہیلاں روڈ پھالیہ 0333-8037512
hrsdin@yahoo.com

فہرست

انتساب	6
تعارف	7
مقامِ شکر	8
ریاض احمد ریاضؔ کی کربلائی شاعری	9
حمد	11
نعت رسولِ مقبولؐ	13
رباعیات	15
احسانِ ابوطالبؑ	27
طہارت کا کعبہ	29
جنابِ فضہؑ	31
جنابِ زینبؑ	33
بقا حسینؑ ہے	35
آفتابِ وفا	37
علمِ عباسؑ	39
مرضیِ یزداں	41

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قصائد	43
محبت علیؑ کی	51
نام وفا	53
نوراوّل	55
معراج محبت	57
سلام	59
سلام	61
اقرار امامت	63
خلیفہ	65
تلاش سکون	67
بری بات	69
انسانیت کے قاتل	72
اجر رسالت	75
نوحہ جات	77
دوھڑا جات	91
کلِ ایمان	106
باراں امامؑ	108

حجاب	121
ماں	123
آئینہ یورپ	125
انسان	129
تقسیم	131
گردشِ ایّام	133
بسمل	135
دوستی	137
ترکِ گناہ	139
بے وفا	141
رقیب	143
دُعا	145
تمت بالخیر	146

---☆☆☆---

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انتساب

اُن ہستیوں کے نام

جنہوں نے میری پرورش

صراطِ مستقیم پر کی میری سوچ و عمل

سے اُن کی عقیدت آلِ محمدؐ

عیاں ہے

ریاض احمد ریاضؔ

تعارف

میں اپنے تعارف میں کچھ اس لئے نہیں لکھوں گا کیونکہ مجھے شوقِ شہرت ہے ہی نہیں، ہاں البتہ جو لکھنا ضروری ہے وہ قابل ذکر و فخر بات یہ ہے کہ میرا تعلق اُس بستی سے ہے جو عزاداری کی دنیا میں کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ صوبہ پنجاب کے ضلع منڈی بہاؤالدین میں موجیانوالہ کے نام سے موجود وقائم یہ آبادی کئی دیگر خوبیوں کو اپنے اندر سمیٹنے کے ساتھ ساتھ عزاداری کا ایسا مرکز ہے کہ جہاں ملک کے طول و عرض سے لوگ عمومی پروگرام ہائے عزاداری اور بالخصوص زیارت ''جلوس محملاں بیادِ رہائی و واپسی اسیرانِ کربلا'' کے لئے قافلوں کی شکل میں شرکت کرتے ہیں یہ بھی اسی گاؤں کا طُرّۂ امتیاز ہے کہ اس نے ملک کے طول و عرض میں بہترین علماء کرام، ذاکرین عظام، ماتمی دستے، نوحہ خواں پارٹیاں، ڈاکٹرز، ججز اور نامور شاعروں کے علاوہ زندگی کے دیگر کئی شعبوں میں قابل ذکر اور قابل فخر لوگ متعارف کرائے۔ گاؤں میں موجود ہر بچہ، بوڑھا اور جوان اپنے مذہب و مسلک سے اس قدر محبت اور عقیدت رکھتا ہے کہ اس کے نام پر جان و مال قربان کرنے کے لیے ایک دوسرے پر سبقت لے جانے میں فخر و انبساط محسوس کرتا ہے۔ میری آنکھ بھی اسی ماحول میں کھلی، لہٰذا میری پرورش اور تربیت میں یہی عناصر کارفرما اور غالب رہے، اس کتابی کاوش کی شکل میں اپنی سوچ و عقیدت قلم کے ذریعہ آپ کی خدمت میں اس اُمید پر پیش کر رہا ہوں کہ آپ میری اس کوشش میں کسی بھی دانستہ یا نادانستہ غلطی کو نظر انداز کر کے حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

ریاض احمد ریاضؔ

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مقام شکر

حمد ہے اُس خالق کائنات کی جس نے اپنا تعارف کروانے اور نظام ہستی چلانے کے لیے اپنے نمائندے منصبِ نبوت و امامت پر منتخب و متعین کرنے کے بعد خلقتِ آدمؑ سے زمین پر اشرف المخلوقات کی شکل میں بنی نوع انسان کا سلسلہ شروع کیا۔ اور پھر ہر دور میں ان کی ہدایت کے لیے ہادیانِ برحق بھیجے اسی خالق لم یزل نے کمال مہربانی فرماتے ہوئے ہمیں وجہِ تخلیقِ کائنات ہستیوں کی معرفت، عقیدت و مؤدت عطا فرمائی۔ ان کی محبت، مؤدت اور عرفان جیسی نعمات عظمیٰ حاصل ہونے پر خالق کائنات کا شکر گذار ہوں۔

ریاض احمد ریاض

ریاض احمد ریاضؔ کی کربلائی شاعری

شاعری ہنر و فن نہیں نہ ہی اکتسابی علم ہے کہ اکتساب و کسب سے حاصل ہو جائے بلکہ شاعری وجدان و عرفان سے تشکیل پاتی ہے ہاں البتہ بیان کرنے اور شعر گوئی کے لئے اس زبان (Language) سے آگاہی اور آشنائی ضروری ہے تا کہ اپنا مافی الضمیر بیان کیا جا سکے اور ایسے الفاظ کا انتخاب کیا جا سکے جو مدعا و مطالب کو واضح کرتے ہوں۔

حمد، نعت، منقبت، قصیدہ، سلام اور مدحت کی نوع شاعری کی دیگر اصناف یعنی غزل، عشقیہ کلام، واقعاتی حکایات و نظم وغیرہ کی نوعیت سے بالکل الگ حیثیت کی حامل ہے۔ یہاں محمدؐ و آل محمدؐ سے عقیدت و مؤدت کا اظہار مقصود ہوتا ہے۔ اس لئے دوسری شاعری کے مقابل دنیا نے اس صنف شاعری کو ہمیشہ اوجِ ثریا پر ہی دیکھا اس کی وجہ یہ ہے کہ شاعری کی صلاحیتوں کو نکھارنے، اجاگر کرنے اور ہنر بیاں کے غنچوں کو گل بنا کر مہکانے کے لیے جو زمین درکار ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ زرخیزی زمین فضائل محمدؐ و آل محمدؐ میں بطریق کمال موجود ہے۔ یہاں طہارت و پاکیزگی اور ان انفاس قدسیہ کے اخلاق و کردار کی بلندیاں، ایثار و قربانی کے لازوال جذبوں اور ان کے باصفا و جانثار اصحاب کے جذبہ ہائے وفا، جانثاری اور فداکاری کے دلکش اور روح پرور مناظر کے رنگا رنگ پھولوں سے خوشبو کو کشید کر کے شاعر اپنے اشعار کو معطر اور قارئین و سامعین کے دل و جان کو معمور کر دیتا ہے۔ اہل بیت اطہارؑ کی طہارت، سخاوت، عدالت، شرافت، شجاعت، ایثار، عدل و احسان اور اوصاف حمیدہ کو بیان کرنا چاہے تو اس کے لیے لامحدود فضائل کا وسیع میدان موجود ہے جو شاعری کی دوسری اصناف کو میسر نہیں۔

شاعر محض ان مقدس ہستیوں کے فضائل کو ہی بیان نہیں کرتا بلکہ ان کی بارگاہ کی چوکھٹ پر اپنی عقیدت و مؤدت کے پھول بھی نچھاور کرتا ہے وہ عقیدت و مؤدت چونکہ مومنین کے دل

jabir.abbas@yahoo.com
www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وا ذہان میں موجود ہوتی ہے اس لئے سامعین پر وجد وانبساط کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔

ڈاکٹر انور سدید اپنی کتاب ''اردو مرثیے کی سرگزشت'' میں رقمطراز ہیں۔ ''واقعہ کربلا حق وصداقت، یقین من اللہ اور حُرّیتِ ضمیر کا داعی ہے اگر اسلام کو خراجِ عقیدت پیش کرنا ہے اور ہمیں جبر وکراہ کے بغیر جینا ہے نیز اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ جائز ضرورت کی تکمیل پروقار طریقے پر کی جائے اور جہاں انسان اپنے کمالات ذاتی ووصفِ اضافی پر فخر ومباہات کرنے کا حق محفوظ رکھ سکے تو ہمارا فرض ہے کہ ہم کربلا کی سمت سفر کریں''

''طلوع ادراک'' ریاض احمد ریاضؔ کے فکری نکھار کا پہلا گلدستہ ہے جس میں ان کی شاعری اور فکر، کربلا کی روح پرور فضاؤں سے متمسک نظر آتی ہے۔ ان کا تعلق شعراء کے اس گروہ سے ہے جنہوں نے مؤدت اہل بیتؑ میں غوطہ زن ہو کر لفظوں کی شکل میں ایسے قیمتی موتی چنے جو قلم سے نکل کر جب صفحات پر جڑے تو اقوال زرّیں ٹھہرے۔ بے شک کربلا انسانیت کی معراج اور عہد نو کے انسان کے لیے بہترین درس گاہ ہے یہ موجودہ عہد کی ناہمواریوں، مصلحتوں اور رکاوٹوں کو کربلا والوں کی پرنور زندگیوں سے ملنے والے ارفع درس کی روشنی میں عبور حاصل کرنے کا کمال حوصلہ عطاء کرتی ہے۔

تکنیکی اور فنی لحاظ سے ریاض احمد ریاضؔ کی شاعری میں نکھار کی گنجائش موجود ہے لیکن ان کے ہاں فکر کی گہرائی اور تخیّل کی بلندی بدرجۂ اُتّم دیکھی جا سکتی ہے امید ہے کہ یہ مجموعہ ان کے ادبی سفر کا پہلا قدم ہوگا اور آنے والے وقت میں وہ اپنے اس تخلیقی سفر کو بطریق احسن جاری وساری رکھیں گے۔

حسنین رضا شیرازی (ایڈیٹر ماہنامہ المہدی لاہور)

حمد

مصروفِ حمد تیری ہر وقت ہر زباں ہے
ہر آن ذکر تیرا ہر سانس میں رواں ہے

شمس و قمر فلک ہوں یا حُسنِ کائنات
ظاہر تو ہر جگہ پہ موجود ہر مکاں ہے

کونین کا تو خالق ہر چیز کا تو مالک
تیری تجلّیوں سے قائم کائنات کا نشاں ہے

یہ رنگ و بو یہ ہستی یہ عالمیں کی رونق
ہر شے میں تیری قدرت آئی نظر عیاں ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina

Presented by: Rana Jabir Abbas

مخلوق ہو عرش کی یا فردوس کے مکیں
ان سب سے کوئی اشرف انسان سا کہاں ہے؟

رحمٰن تو ازل سے، بندہ میں گنہگار
تیرا کرم سبھی پہ توسب پہ مہرباں ہے

عاجز ہے اس کی حمد سے فکرو قلم ریاض
تعریف جس کی بن کر اترا ہوا قرآں ہے

نعت رسولِ مقبولؐ

محبوبِ خداؐ اس دُنیا کو اسلام سکھانے آئے ہیں
رحمت سے سارے عالم کی ہر بگڑی بنانے آئے ہیں

محسوس ضرورت رب کو ہوئی اپنا کوئی جائے دنیا میں
مقصدکائنات کی خلقت کا جو جا سمجھائے دنیا میں
اللہ کی قربت کا رستہ وہ دُنیا کو دکھانے آئے ہیں

در توبہ کا ہے اس پہ کُھلا درِ شہرِعلم پہ جو آیا
لافانی ہے اس دنیا میں جو حسنؑ حسینؑ کو ہے بھایا
ہم شامل ہیں اس کشتی میں یہ جس کو بچانے آئے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com
www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

احکامِ خدا جب مانیں گے تو پھر مومن کہلائیں گے
پنجتنؑ کے دشمن لازم ہے کہ بالآخر پچھتائیں گے
یہ مرضی ومنشاء خالق کی پڑھ پڑھ کے سنانے آئے ہیں

احمدؐ کے دروازے پر سامان ہیں خلد میں جانے کے
وہ ریاضؔ شفاعت طلب کریں جو ہیں گنہگار زمانے کے
درِ پنجتنؑ پہ اس واسطے ہم سر اپنا جھکانے آئے ہیں

رُباعی

قرآن ہے قصیدہ کردار پنجتنؑ کا
معراجِ بندگی ہے پیار پنجتنؑ کا
مودۃ ریاضؔ انکی فردوس کا ساماں ہے
جہنم کا بنے موجب انکار پنجتنؑ کا

رُباعی

یا رب! میرے شعور کو وہ بخش دے آگاہی
کچھ شانِ پنجتنؑ کی ہو جائے آشنائی
پوچھے ریاضؔ مولا کیا مرتبہ ہے اِن کا؟
جن پہ درود بھیجے تو اور تیری خدائی

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رباعی

جو ذہنِ بشر میں آجائے اسے علیؑ نہیں کہتے
ہم جلی کو علیؑ کہتے ہیں علیؑ کو جلی نہیں کہتے
نہ ہو کائنات جس کے قبضۂ قدرت میں اے ریاضؔ!
ہم ایسے کسی عاجز کو ہر گز ولی نہیں کہتے

رباعی

علیؑ کا ذکر تو روح میں قرار لاتا ہے
دل کے ویرانوں میں یکسر بہار لاتا ہے
مومن تلاش خلد کی کرتا نہیں ریاضؔ
فردوس اس کے پیچھے علیؑ کا پیار لاتا ہے

رباعی

بھرتے ہیں نوحؑ کے زخم جبریلؑ کے پر سے
جل جائیں مَلک کے پر تو شفا لائے کدھر سے؟
لائے فطرس کو آسماں والے زمین پر ریاضؔ
تجھ کو شفا ملے گی جھولا زہراؑ کے پسر سے

رباعی

چشمِ شرافت سے دیکھے گا جو جہاں پر
حسینؑ دکھائی دے گا عزت کے ہر مکاں پر
ریاضؔ کلمہ کے لیے جس نے کرائے سر قلم
کلمہ اسی کے صدقے جاری ہے ہر زباں پر

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رُباعی

اگرچہ کر رہے تھے سب بیعت یزید کی
ہراساں تھی فقط حسینؑ سے حکومت یزید کی
ریاضؔ شامل تھے یہ بھی لوگ قتلِ حسینؑ میں
جو کر رہے ہیں آج بھی وکالت یزید کی

رُباعی

نامِ عباسؑ میں وہ تاثیر دیکھی ہے
لوح عرش پہ مٹتی تحریر دیکھی ہے
نیچے علَم کے مانگے عقیدت سے جو ریاضؔ
ہم نے بدلتی اس کی تقدیر دیکھی ہے

رُباعی

عباسؑ کائنات میں حیا کا وہ قرآن ہے
خاموش جسکی آیتیں حسرت کی داستان ہے
عقیدت کے آسمان سے اس کا ہے نزول
اوج پہ علَم ریاضؔ وفا کا ترجمان ہے

رُباعی

مخلوق میں معظم وہ انسان ہو گیا
جسے عظمتِ بتولؑ کا عرفان ہو گیا
کہنے کو بے شمار ہیں اصحاب ریاضؔ
عقیدت سے اہلبیتؑ میں سلمانؓ ہو گیا

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رُباعی

آلِ نبیؐ کے قاتل کہنے کو مسلمان تھے
کچھ شاملِ سقیفہ حکومت کے طالبان تھے
وہ خوف علیؑ سے کلمہ پڑھتے رہے ریاضؔ
دشمن تھے پنجتنؑ کے وہ دشمنِ قرآن تھے

رُباعی

اللہ کی مشیّت کا ترجمان یاعلیؑ ہے
یزداں کے اوصاف کا انسان یا علیؑ ہے
ریاضؔ کاغذ پہ رقم ہے اللہ کا بس کلام
مگر کردار کا مکمل قرآن یا علیؑ ہے

www.ziaraat.com Sabeel-e-Sakina
jabir.abbas@yahoo.com

رُباعی

علیؑ کے نام سے تلاوتِ قرآن ہوتی ہے
مشکل تو نام سنتے ہی آسان ہوتی ہے
جب یا علیؑ مدد کہتے ہیں ہم ریاضؔ
اس سے حلالیوں کی ہمیں پہچان ہوتی ہے

رُباعی

علیؑ والوں پہ خدا کا احسان ہوتا ہے
نصیب ہوں تو نصیب کل ایمان ہوتا ہے
پس شکر اس عطا پہ لاکھوں ریاضؔ ورنہ
بنا حُبِّ علیؑ منافق انسان ہوتا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رُباعی

وسیلۂ نجات ہیں محمدؐ کے گھرانے والے
جنت کریں فروخت اس در پہ آنے والے
کبھی دنیا کے عالموں سے پوچھے کوئی ریاضؔ
جائیں گے وہ کہاں؟ اس در کو جلانے والے

رُباعی

جو ذہنوں سے اعلیٰ اور وجہہ جلی ہے
وہ نصیری کا رَب میرا مولا علیؑ ہے
معراج پہ نبیؐ نے کی آرزو یہ ریاضؔ
کہ پردے میں دیکھوں خدا یا علیؑ ہے

رُباعی

ہم سے علیؑ ولی کی بھلا کیسے ہو ثنا
جیسے شان مرتضیٰؑ کی گئے مصطفیؐ بتا
فضائل اُس کے بالائے ادراک ہیں ریاضؔ
جس کا قرآں قصیدہ ذاکر ہو خود خدا

رُباعی

شیرِ خدا علیؑ کی کعبے میں ہے ولادت
دنیا میں مل سکی نہ کسی کو یہ سعادت
کوئی ایسا ریاضؔ عابدؑ کائنات میں نہیں
بستر پہ جس کا سونا اللہ کی ہو عبادت

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رُباعی

بستا ہے جن کے دل میں پیار پنجتنؑ کا
کرتے ہیں وہ عبادت میں اقرار پنجتنؑ کا
کوشش منافقوں کی ہے رات دن ریاضؔ
کہ نماز سے گھٹا دو پر چار پنجتنؑ کا

رُباعی

نبوت پلی جس کی آغوش میں وہ ازل سے مسلمان عمرانؑ ہے
توحید و رسالت کا ہر اک قدم پہ جبھی تو نگہبان عمرانؑ ہے
سایہ رہا یہ تو اسلام پہ تیغوں کے سائے میں بھی ریاضؔ
رسالت کا ناظم، امامت کا آدمؑ، شجروں کی پہچان عمرانؑ ہے

رُباعی

جو کہ بیابان میں اہلِ حرم کی آس تھا
صدائے العطش میں پابند تھا اُداس تھا
ریاضؔ جس کے خوف سے ڈرتے تھے شام و روم
شیرِ خدا کا شیر خاموش وہ عباسؑ تھا

رُباعی

سخیوں پہ ہو سخاوت دہلیز فاطمہؑ سے
جہاں کو ملے ولایت دہلیز فاطمہؑ سے
ہمیں خوف آخرت کا کیونکر نہیں ریاضؔ
ملے بیچنے کو جنت دہلیز فاطمہؑ سے

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رُباعی

جس کے دل میں ولائے کُلِّ ایمان نہیں
ہو مومن کوئی ایسا یہ اُس کی شان نہیں
جو اعتراض کرتا ہو علیؑ کی گواہی پہ یوں ریاضؔ
کلمہ، اذاں میں واجب عبادت کے درمیان نہیں

احسانِ ابوطالبؑ

اللہ نے خود بنایا نگران ، ابو طالبؑ
رہے سایہ محمدؐ پہ ہر آن ، ابو طالبؑ

آغوش میں نبیؐ کو اس شان سے ہے پالا
نگاہِ دشمناں سے دن رات ہے سنبھالا

رسالت کو ہے چڑھایا پروان ، ابوطالبؑ

خود پڑھ کے اس نے کلمہ دنیا کو پڑھایا ہے
پوتے نے اُس کے کلمہ سر دے کے بچایا ہے

اسلام کے وجود میں ہے جان ، ابو طالبؑ

jabir.abbas@yahoo.com
www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کافر نہیں یہ چاہتا میرے گھر میں مسلماں ہو
عمرانؑ چاہ رہے تھے اسلام کا اعلاں ہو

تیرا رہے گا دین پہ احسان ، ابو طالبؑ

نبیوں کا جو نبیؐ ہے کردار میں قرآں ہے
کلمہ اسی کا پڑھ کر ہر کوئی مسلماں ہے

ہیں ریاضؔ اُس نبیؐ کے نکاح خوان ، ابو طالبؑ

---☆☆☆---

طہارت کا کعبہ

طہارت کا کعبہ، مسکن حیا کا ، سارے جہاں میں ہے گھر فاطمہؑ کا
عرش سے فرشتے شفا پانے آئیں وہ دارالشفا ہے در فاطمہؑ کا

جو جنت سے کپڑے شہزادوں کے لایا اس نے تعارف یوں اپنا کرایا
مقرب فرشتہ جبھی ہوں فلک پہ جو جاتا ہوں بن کے نوکر فاطمہؑ کا

آیہ مباہلہ کی تفسیر لینے علیؑ ، زہراؑ ، شبرؑ و شبیرؑ لینے
اللہ نے بھیجا سب اس گھر سے لے جا جبھی چل کے آیا پدر فاطمہؑ کا

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جس کے لیے کی دعا مصطفیٰؐ نے، کعبے میں بھیجا ہے اس کو خدا نے
عجب شان سے وہ ذیشان آیا عرش اولیٰ سے شوہر فاطمہؑ کا

دیں جو پہنچایا ہے کُل انبیاء نے، مٹانے کو سوچا اسے اشقیاء نے
توحید ، کلمہ ، شریعت بچانے کربل میں آیا پسر فاطمہؑ کا

جو دینِ محمدؐ کی توقیر جانے دل سے علیؑ کو وہ رہبر بھی مانے
مطیع پنجتنؑ کا وہی ریاضؔ ہو گا ممنون ہو جو بشر فاطمہؑ کا

---☆☆☆---

جنابِ فضّہؓ

در فاطمہؑ پہ آکر عزت جو میں نے پائی
شاہی حقیر چھوڑ کر فردوس ہے کمائی

ماں کہہ رہے ہیں مجھ کو زہراؑ کے دل کے چین
دنیا کو جنکی عظمت خود مصطفیٰؐ نے بتائی

پوشاکیں آسماں سے جبرائیل لے کے آیا
بسم اللہ پڑھ کے ان کو ہاتھوں سے ہیں پہنائی

کائناتِ کبریا میں ایسا کریم گھر ہے
کرتے ہیں شہنشاہ آ کر یہاں گدائی

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرشتے بھی ساتھ میرے چکی چلانے آئیں
داڑھی سے سلمانؓ آ کر کرے صفائی

قرآن ہے قصیدہ اس گھر کے ہر عمل کا
روٹی کے بدلے آیت عرش اُولیٰ سے آئی

دونوں جہاں میں فضہؓ ہے محترم ریاض
پنجتنؑ کی نوکری نے توقیر یوں بڑھائی

جنابِ زینبؑ

محسنہ انبیاء، دین کی بقا ہے وہ　　نواسی رسولؐ، ثانی زہراؑ ہے وہ
تفسیر ہے قرآن کی ملکۂ حیاء ہے وہ　　یزیدیت کے سامنے حجتِ خدا ہے وہ
تاریخ نے جبین پر کر لیا ہے یہ رقم
زینبؑ نے اونچا کر دیا دین کا یہ علم

ظلمت کی آندھیوں میں صبر کی انتہا ہے وہ　　کشتی دینِ خدا کی بھنور میں ناخدا ہے وہ
تبلیغ میں رسولؐ جیسی مبلغہ خدا ہے وہ　　کفر میں لاالہ کی آخری پناہ ہے وہ
یہ تیرا احسان ہے یہ تیرا اعجاز ہے
زندہ کلمہ و اذاں ہے اور یہ نماز ہے

کوشش تھی یہ اُمیّہ کی کامل تھا یہ ارادہ　　آلِ نبیؐ مٹا دو، مٹے دین مصطفیٰؐ کا
منشا چلے ہماری نہ حکم ہو خدا کا　　پھر بیعت لینے چل پڑا لشکر بے حیا کا
کربلا میں زینبؑ و شبیرؑ دونوں آگئے
قربانی حسینؑ سے وہ دین کو بچا گئے

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کٹتا نہ سر حسینؑ کا ، زینبؑ نہ جاتی شام   مٹ جاتا مصطفیٰؐ کے اسلام کا نظام
تبلیغ ایسے کر گئیں زینبؑ بازارِ عام   بچ گیا دینِ خدا، باطل ہوا ناکام
زینبؑ بچایا دین ریاضؔ شاہ مشرقین کا
ممنوں خدا رہے گا زینبؑ و حسینؑ کا

بقا حسینؑ ہے

مشکلوں میں دین کا مشکل کشاء حسینؑ ہے
کھڑا لشکروں کے سامنے تنہا حسینؑ ہے

نہ بھولنا مسلماں پڑھ کر تو لا الہ
کہ کلمہ توحید کی اصل بقا حسینؑ ہے

جس نے بچائی خوں سے تبلیغ انبیاء کی
دین کی وہ کشتی کا ناخدا حسینؑ ہے

ہے کوئی اٹھائے جو بیعت کا اب سوال
وہ یزید مٹ گیا زندہ سدا حسینؑ ہے

ذکر یہ حکومتیں اس کا بند نہ کر سکیں
آج بھی تو اوج سے اونچا بڑا حسینؑ ہے

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فطرس نے آسمان پر اوروں سے یہ کہا
مسیحا وہ اس زمین پہ ہمارا حسینؑ ہے

کائنات جس کے در پہ آتی ہے مانگنے
دونوں جہاں کا شہنشاہ میرا حسینؑ ہے

عطا کرے بہشت جو آنسوؤں کے بدلے
مالک خدا کی مرضی کا ایسا حسینؑ ہے

خوش نصیب ہم سا کوئی نہیں ریاضؔ
جن کو خدا نے رہبر دیا حسینؑ ہے

آفتابِ وفا

وفا کے آسمان پر روشن یہ آفتاب ہے
حرفِ دعا بتولؑ کا علیؑ کا انتخاب ہے

بنا گئیں پوشاک خود زہراؑ جس کے واسطے
اِنّما کے صحن میں اترا یہ مہتاب ہے

کائنات میں نہیں کوئی عباسؑ کی مثال
جس کو کہے امامؑ یہ عظمتوں کا باب ہے

ایسا علم عباسؑ نے اوج پہ نصب کیا
جس کی وفا جہاں میں اِک کھلی کتاب ہے

کربلا رواں ہوا جب قافلہ یہ دین کا
ہر کوئی بے خوف تھا عباسؑ ہم رکاب ہے

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیونکر ہمیں ملال ہو لشکرِ یزید کا
شیرِ خداؑ کے شیر کا عروجِ شباب ہے

زینبؑ نے دیں تسلیاں اور کہا یہ باربار
بازوئے عباسؑ ہی ہمارا تو حجاب ہے

اے سقائے سکینہؑ! اصغرؑ کا حال دیکھ لے
تڑپ رہاہے پیاس سے نہ ایک بوند آب ہے

شامیوں سے چھینا عباسؑ نے فرات کو
پانی بھر کے پلٹا وہ خود بے سیراب ہے

مشک میں لگاجو تیر ، آہ بھری عباسؑ نے
کاش پانی پہنچتا اصغرؑ بڑا بے تاب ہے

امامؑ کی رضاؤں میں شہید جو ہوا ریاض
محشر تلک وفاؤں میں عباسؑ لاجواب ہے

علمِ عباسؑ

غازی تیرا علم عقیدت کا پاسباں ہے
مشکلیں ہماری کرتا یہی آساں ہے

پہنچے سکوں اس سے ہمیں مانگ کر دعائیں
سنتا ہے ہر کسی کی ہر اک پہ مہرباں ہے

ظلمت کی ہر فضا میں جیسے بھی دور آئیں
مومن کے سر پہ سایہ کرتا یہ سائباں ہے

اس سے وفا کی خوشبو دنیا کو آ رہی ہے
اس کے لبوں پہ جاری حسرت کی داستاں ہے

سایہ ہمیشہ اس کا جس کی بھی چھت پہ ہو گا
چودہؑ کی نظرِ خاص میں رہتا وہی مکاں ہے

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خیبر میں مرتضیٰؑ نے ایسا اسے اٹھایا
اونچا جبھی دہر میں اسلام کا نشاں ہے

تقدیر ایسی بدلے کبھی مانگ کر تو دیکھ
لوح و قلم عطا کی یہ زیرِ آسماں ہے

رازق وہی ہمیشہ مخلوق جس سے مانگے
ہم بھی خدا سے مانگیں وسیلہ یہ درمیاں ہے

کٹ کر بھی ہاتھ اس کے رہتے ہیں سر بلند
جس کی وفا جہاں میں ہر ایک پہ عیاں ہے

عباسؑ کے علم کو جھکتا ہے جو ریاض
اس پر جنابِ زہراؑ ہر آن مہرباں ہے

مرضیٔ یزداں

دونوں جہاں میں مرضیٔ یزداں یا علیؑ ہے
کائنات پہ خدا کا احسان یا علیؑ ہے

نبیوں کی تا قیامت مشکل کشائی کرنے
موجود ہر جگہ پہ ہر آن یا علیؑ ہے

مشروط جس گواہی سے رسالت ہے انبیاء کی
وہ غدیر ہو کہ عرش، اعلان یا علیؑ ہے

"مَن کُنتُ مولا" سارے وہ کیسے مان جاتے
حلالیوں کی جب کہ پہچان یا علیؑ ہے

jabir.abbas@yahoo.com
www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لاریب ہے قرطاس پہ اُترا ہوا قرآن
کردار کا مکمل تو قرآن یا علیؑ ہے

ریاضؔ چہرہ کسی نبی کا نہیں دیکھنا عبادت
اعمال کا وہ محور ومیزان یا علیؑ ہے

قصیدہ

جب پکارا کسی نے علیؑ کو ہو گئی اُس کی مشکل کشائی
مشکلوں میں نادِ علیؑ کی ہر نبیؑ نے صدا ہے لگائی

اللہ کی بارگاہ میں کیا مصطفیٰؐ نے یہ سوال بھیج دے علیؑ کو اب اے رَبِّ ذوالجلال!
توڑے بت تیرے گھر سے وہ آ کر دے نبوّت میری کی گواہی

شبِ معراج عرش پہ ہوئی جو گفتگو پوچھا نبیؐ نے بولتا کوئی اور ہے کہ تو؟
باتوں باتوں میں اپنی انگوٹھی جس نے کئی بار مجھ کو دکھائی

قبلہ علیؑ کے آنے سے پہلے تو اور تھا ذاتِ خدا نے رسولؐ کو پھر مشورہ دیا
سب جبینیں اُدھر اب جھکا دیں ہوا نازل جہاں تیرا بھائی

فرمایا ابوبکر نے کہ وہاں پل صراط پر لکھی سند علیؑ کی ہو گی جس کے ہاتھ پر
دے سلامی فرشتے کہیں گے تیری خاطر ہے جنت سجائی

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
jabir.abbas@yahoo.com
Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قصیدہ

مُشکل کُشاء جہاں کا مولا علیؑ ولی ہے
کُل انبیاء کی مشکل اِس نام سے ٹلی ہے

آدمؑ کو خود خدا نے جب خاک سے بنایا　　پانی بھی تو مٹی میں ہاتھوں سے تھا ملایا
تصویر کس کے ہاتھوں سانچے میں یہ ڈھلی ہے؟

محبوبؐ کا عرش پہ ایسا وہ میزباں ہے　　نہ ہاتھ جس کے اپنے جس کی علیؑ زباں ہے
مہماں سے بات کیسے؟ کئی روز پھر چلی ہے

تیغوں کے سائے میں جو بے خوف سو گیا تھا　　اللہ سے اس کا سودا مرضی کا ہو گیا تھا
"رضی اللہ" اسکو کہنا جس پہ راضی علیؑ ہے

تیرا ذکر گُلِّ ایماں، ایماں کی زندگی ہے　　تیری ہی بس اطاعت اللہ کی بندگی ہے
جسے دیکھنا عبادت تُو چہرہ جلی ہے

قصیدہ

ہو جائے جس میں ثناء پنجتنؑ کی حقیقت میں میری وہی زندگی ہے
نہ چودہ معصوموںؑ کی جس میں وِلا ہو کیسے خدا کی وہ بندگی ہے؟

یہ میرا عقیدہ، یہ میرا ایماں ہے پانچوںؑ کے قبضے میں سارا جہاں ہے
تقسیم کرتا ہے روزی جو سب کو کائنات میں وہ مولا علیؑ ہے

اعلان خم پہ نبیؐ نے سنایا، بازو علیؑ کا سب کو دکھایا
بلا فاصلہ وہ فرما رہے تھے میرے بعد سب کا یہ ہی ولی ہے

جنت میں جیسے ہی مولائی جائیں دینے سلامی فرشتے خود آئیں
کہتے ہیں سارے زیارت کو آؤ زہراؑ کے بیٹے کا یہ ماتمی ہے

جہاں کی ہدایت کا سامان ہوگا مہدیؑ کی آمد کا اعلان ہوگا
تیاری کرو نہ پڑے منہ چھپانا خلیفہ خدا کا یہی آخری ہے

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قصیدہ

فرمان ہے نبیؐ کا ایمان مرتضیٰؑ ہے
نورِ خدا و مظہرِ یزدان مرتضیٰؑ ہے

اللہ نے مجھ سے وعدہ خیبر کا خود کرایا — پھر جس کو بلانے کا جبرائیل حکم لازم
وہ خدا کا مجھ نبیؐ پہ احسان مرتضیٰؑ ہے

دو چیزیں دے رہا ہوں ان کو نہ بھول جانا — روزِ حشر کوثر پہ میرے پاس چلے آنا
حسنؑ و حسینؑ، زہراؑ قرآن مرتضیٰؑ ہے

سب کے گھروں میں روزہ افطار کر رہا ہے — رسولؐ اپنے گھر کا اقرار کر رہا ہے
جبریلؑ کہہ دو میرا مہمان مرتضیٰؑ ہے

اسلام آج تک جو میں نے تمہیں پہنچایا — کامل نہیں اگر یہ پیغام نہ سنایا
نائب کا کر رہا ہوں اعلان مرتضیٰؑ ہے

خالق نے خود خلیفہ اس کو میرا بنایا — منبر پہ جسکو میں نے سب دیکھ لو بٹھایا
میرے بعد سن لو حق کی پہچان مرتضیٰؑ ہے

کعبہ کی آبرو (قصیدہ)

کعبہ میں آ گئی ہے کعبہ کی آبرو
پوری یہ ہو گئی ہے محمدؐ کی آرزو

گلشن سے گلستاں سے جنگل سے بیاباں سے — جنت کے ہر مکاں سے یعنی کہ دو جہاں سے
حیدرؑ کی آ رہی ہے ہر سمت سے خوشبو

سرورؐ نے یوں اٹھا کر اپنی زباں چوسا کر — سینے سے پھر لگا کر تھوڑا سا مسکرا کر
آپس میں رازداں پھر کرتے ہیں گفتگو

تیرا چہرہ ہے وجہ اللہ تیری آنکھیں ہیں عین اللہ — تیرے ہاتھ ہیں یداللہ تو زباں لسان اللہ
یہ صفات کبریائی تیری ہیں ہو بہو

ہاتھوں پہ تاج اٹھائے سب انبیاء ہیں آئے — ہیں فرشتے سر جھکائے حوریں ہیں صف بنائے
پھرتے ہیں زیارت کو کعبہ کے چار سُو

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قصیدہ

بے مثل دو جہاں میں عباسؑ کی وفا ہے
مخلوقِ کبریا میں جو وفا کی انتہا ہے

زہراؑ کے گلستاں میں لایا بہار غازیؑ اولادِ فاطمہؑ کے دل کا قرار غازیؑ
زینبؑ بھی خوش تھی جس پہ عباسؑ وہ عطا ہے

عباسؑ رن میں آئے ہر کوئی تھر تھرائے شہزور بھاگتے ہیں عباسؑ جب بلائے
ہے وار میں علیؑ یہ ہم شکلِ مُرتضیٰؑ ہے

مُشکل کُشاء کے بیٹے مشکل کشائی کردے سب مومنوں کا دامن رزق و وِلا سے بھر دے
بعد از خدا ہمارا تو ہی تو آسرا ہے

بابِ علم علیؑ ہے بابِ وفا پسر ہے مظہر خدا علیؑ ہے یہ باپ کا مظہر ہے
حیدرؑ کی طرح غازیؑ دافع ہر بلا ہے

فریاد (قصیدہ)

آجا امام مہدیؑ رو رو کراں دعاواں
بن تینڈی زیارت دے دنیا توں ٹر نہ جاواں

نرجسؑ دے دل دا چین اے آ واسطہ حسینؑ اے
ہن تینڈی زیارت کوں مومن دا دل بے چین اے
آ تینڈی خاکِ پا تے اپنا میں سر جھکاواں
اکھیاں دی پیاس مولا رج رج کے میں بجھاواں
آجا امام مہدیؑ ---------------

کعبے دی چھت تے مولا غازیؑ دا علم ہووے
آلِ یہود جا کے غیراں دے در تے رووے
حج تے وی ہووے مجلس تے قصیدے میں سناواں
نعرے علیؑ دے لاون کعبے دیاں فضاواں
آجا امام مہدیؑ ---------------

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سارے جہاں تے ہووے مولا علیؑ دی شاہی
کعبے اچ کرن ماتم شبیرؑ دے مولائی
ہر ماتمی کوں زم زم بھر بھر کے میں پلاواں
جنت دے وچ وی مولاؑ تینڈا ہی ذکر چاواں
آجاامام مہدیؑ ---------------

آل نبیؐ دے دشمن ہو کے ذلیل رووِن
مولا علیؑ دے منکر جھڑے نے جو وی ہوون
گستاخ پنجتنؑ کوں آقا دیو سزاواں
مجبور مومناں دے سنو دل دیاں صداواں
آجاامام مہدیؑ ---------------

محبت علیؑ کی

زمانے سے اعلیٰ شجاعت علیؑ کی
لاریب دیکھی عبادت علیؑ کی

دیوارِ کعبہ میں رکن یمانی
نیا در بتائے ولادت علیؑ کی

اندھے بھکاری کو بخشے قطاریں
بے مثل ہے یہ سخاوت علیؑ کی

شہباز جیسے بنے ہیں قلندر
ذرے پہ یہ ہے عنایت علیؑ کی

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نصیری کا کئی بار مر مر کے جینا
مشابہ خداتھی کرامت علیؑ کی

یہ سولی نہیں، ہے یہ معراجِ مومن
میرا جرم لکھ لیں محبت علیؑ کی

خالق کی خلقت جہاں اور جو ہے
ہے سبھی پہ ہمیشہ حکومت علیؑ کی

نامِ وفا

دوست بن کے دشمنوں سا کام کیا ہے
نامِ وفا کو کس طرح بدنام کیا ہے
پہلے گئے وہ یار کی میت کو چھوڑ کر
بھاگے بنے خلیفہ وہاں دوڑ دوڑ کر
کیسے کہوں نبیؐ کا احترام کیا ہے
نامِ وفا کو اس طرح بدنام کیا ہے
اپنے جلانے آئے تھے جو مصطفیؐ کا گھر
خاتونؑ آئیں سامنے اپنا گرایا در
اُسی گھڑی تبرا اپنے نام کیا ہے
نامِ وفا کو اس طرح بدنام کیا ہے
بھاگے وہ ایسے اُحد سے ایسے جانے رکے کہاں؟
فراریوں کے پیچھے بھاگیں ان کی بیویاں

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پہنچ کر گھروں میں رام رام کیا ہے
نام وفا کو اس طرح بدنام کیا ہے

چھینا جو حق تو بن گئے دشمن بتولؑ کے
پھر پرزے پرزے کر دیئے سندِ رسولؐ کے

زہراؑ بھی روئیں ایسا احترام کیا ہے
نام وفا کو اس طرح بدنام کیا ہے

نورِ اوّل

ہے نبیوں سے رتبہ بڑا پنجتنؑ کا
قصیدہ خدا نے پڑھا پنجتنؑ کا

حدیث کساء سے عیاں ہو رہا ہے
کہ عالم ہے صدقہ بنا پنجتنؑ کا

انہی کی ملائک بھی کرتے ہیں تسبیح
ثناء خواں ہوا خود خدا پنجتنؑ کا

آغازِ خلقت میں نورِ خدا سے
ہوا نور اوّل جدا پنجتنؑ کا

ملی تھی نبوّت جبھی انبیاء کو
جواقرار سب نے کیا پنجتنؑ کا

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ملا ہے جو حوّاؑ کو شادی پہ مہر
ادا نام لے کے کیا پنجتنؑ کا

طوفاں سے کشتی بچانے کو نوحؑ نے
اسم تعویذ میں تھا لکھا پنجتنؑ کا

تھی سلیمانؑ کی شاہی فقط اک جہاں پہ
عالمیں پہ ہے قبضہ سدا پنجتنؑ کا

فرشتے کہیں گے یہ دے کر سلامی
ہم تیرے خادم اے گدا پنجتنؑ کا

بلندی پہ مقسوم ہے اس کا ریاض
جس کو بھی در ہے ملا پنجتنؑ کا

معراج محبت

محبت کی اس جہاں میں عجب داستاں ہے
وجود کائنات میں بھی پیار ہی عیاں ہے

تبلیغ نوحؑ نبی میں محبت ہے کبریا کی
انکارِ محبت سے آیا پھر طوفاں ہے

یوں آتش نمرود میں بے خوف کود جانا
معشوق کا عاشق سے چھوٹا سا امتحاں ہے

اک باپ کاٹتا ہے لخت جگر کی گردن
محبت کی اس ادا سے مانوس کل جہاں ہے

یوسفؑ کی محبت میں کیا کچھ نہ جتن ڈھائے
ملا عشق کا ثمر کہ زلیخا پھر جواں ہے

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

معراج محبت کی دیکھی تھی کُل جہاں نے
محبوب کو عرش پہ بلایا جو لامکاں ہے

منظور کر سکا نہ خالق بھی تو جدائی
تنہائی کے عالم میں وصالِ عاشقاں ہے

لعنت کا مستحق ہے جو ہو منکرِ مودت
فرمانِ مصطفیٰؐ میں واضح یہ اعلاں ہے

مفہوم عاشقی کا ذرا پنجتنؑ سے پوچھو
عاشق دو جہاں میں ان سا کوئی کہاں ہے؟

ریاضؔ وہ اٹھائے جواں پسر کا لاشہ
جو عشقِ کبریا میں مصروفِ امتحاں ہے

سلام

حسینؑ دین ہے قائم تیری شہادت سے
ورنہ واقف کوئی ہوتا نہ یوں عبادت سے

دنیا میں بنے بیٹھے ہیں جو واعظ و امام
کہلائیں مسلماں یہ تیری ہی عنایت سے

جاگیر خلد تیری اہل عزا کے واسطے
عدو جہنمی ہیں اک تیری عداوت سے

ہم کو یقیں ہے کامل شبیرؑ تیرے قاتل
مایوس لوٹتے تھے وہ تیری شرافت سے

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بازارِ شام میں تو نیزے کی نوک پر
تبلیغ کر رہا تھا قرآں کی تلاوت سے

بنتِ علیؑ نے خطبہ دربار میں دیا جو
مارا تھا اک طمانچہ زینبؑ نے شجاعت سے

مفہوم بندگی کا یہی تو ہے ریاض
انسان بنے اکمل پنجتنؑ کی اطاعت سے

سلام

حسینؑ دین پہ تو نے کیا ہے ایسا احساں
جوان بیٹوں کے خون سے کیا ہے دین جواں

انبیاء پھیر کے منہ کربلا سے جانے لگے
جب تو خنجر کے تلے رہا دیتا امتحاں

سجادؑ خونِ جگر زندگی میں روتے رہے
چادریں لوٹتے دیکھے جو نیزوں سے مسلماں

خیام کے شعلوں سے غازیؑ کو دی صدائیں
سر ننگے قدم باہر جو رکھتی تھیں بیبیاں

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

معصوم سکینہؑ کو شمر مارے جو طمانچے
کانوں سے لہو ٹپکا جب چھینی بالیاں

چشمِ فلک سے آنسو بہنے لگے ریاضؔ
ہاتھوں سے بنت زہراؑ نے پہنی جو رسیاں

اقرارِ امامت

حُبِّ علیؑ کا جو بھی انکار کر رہا ہے
واضح وہ اپنی ماں کا کردار کر رہا ہے

خُم پہ کیا علیؑ کا اِعلان مصطفیٰؐ نے
خلافت کا تب سے مومن اقرار کر رہا ہے

قرآن میں رقم ولایت ہے مرتضیٰؑ کی
پڑھ کر بھی شیخ آیت ، فرار کر رہا ہے

اپنا بدل رہا ہے دولت سے جو عقیدہ
دو بیڑیوں پہ خود کو سوار کر رہا ہے

اُس غیر کو بھی اپنا کہنے لگے تھے لوگ
جو اُمیّہ سے محبت کا اظہار کر رہا ہے

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کبھی ہو سکی نہ جن کو سورۃ بقرہ یاد
نائب نبیؐ کے ان کو شمار کر رہا ہے

تراویح ، نماز ، روزہ ، حج بھی کرے پیادا
بِن حُبِّ علیؑ عبادت بے کار کر رہا ہے

اُن ظالموں کا کیسے ہو پائے گا دفاع؟
جن پہ خدا بھی لعنت کئی بار کر رہا ہے

زہراؑ کے دشمنوں سے جو دوستی رکھے گا
دوزخ وہ اپنے واسطے تیار کر رہا ہے

کہتا ہے پنجتنؑ کو جو مانتے ہیں ہم بھی
اندر سے کسی اور کو وہ پیار کر رہا ہے

خلیفہ

انسان تو ازل سے ایسا ذی وقار ہے
تجھے سجدے کے انکار سے شیطان گنہگار ہے

خلیفہ بنا کے تجھ کو بھیجا گیا زمیں پہ
برعکس تیرے عہدے کے کیونکر تیرا کردار ہے

حوریں سجا رہی ہیں جنت جو تیری خاطر
دوزخ میں کیوں مگر تو جانے کو تیار ہے

کرتا ہے خون ریزیاں زمیں پہ تو ہو بہو
جیسا کہ ابلیس کو رب سے تکرار ہے

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کر دیکھ کر موازنہ اپنے ہی گریباں میں
غافل خدا سے ہو کر کس کا تو پرستار ہے

کر لے تو اس جہاں میں من مانیاں مگر
زندگی کا تو ہی ہر طور قرض دار ہے

جو خودی کے راز سے نہیں آشنا ریاضؔ
ایسا بزمِ سوچ میں آدمی بیکار ہے

تلاشِ سکون

منزل سے کہیں دور جا رہے ہیں ہم
بحرِ ہوس میں غوطے لگا رہے ہیں ہم

حصولِ کثیر رزق میں رازق کو بھول کر
ٹھوکریں در بدر کی کھا رہے ہیں ہم

دنیا کے مال و زر سے حاصل کہاں سکون
تلاشِ سکوں میں اکثر تلملا رہے ہیں ہم

ذی قدر اس جہاں میں ہیں صاحبِ کردار
دہشت سے مگر عظمت منوا رہے ہیں ہم

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قرآن کہہ رہا ہے خسارے میں ہے انساں
کس شیخیٔ بے نام پہ اترا رہے ہیں ہم

ہر طور پہ جانا ہے ہمیں جانبِ منزل
حقیقت سے مگر آنکھیں چرا رہے ہیں ہم

سامان آخرت کا تو دامن میں بھر ریاضؔ
نہ کہنا پھر وہاں کہ پچھتا رہے ہیں ہم

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
jabir.abbas@yahoo.com

بُری بات

حق سا باطل بنانا بری بات ہے
سچ سے آنکھیں چُرانا بُری بات ہے

دائمی بت پرستوں کو اے شیخ جی!
بت شکن سے ملانا بُری بات ہے

کیا سرورؐ نے جس کو مدینہ بدر
بیٹی اس سے بیاہنا بُری بات ہے

ظلم حبشی مؤذن پہ کرتے تھے جو
ان کے رتبے بڑھانا بُری بات ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تیری نظروں میں اصحاب بس تین تھے
دوسروں کو نہ چاہنا بُری بات ہے

خود کراتا تھا حیدرؑ پہ "سَبّ" جو اُسے
لعنتوں سے بچانا بُری بات ہے

بلاتے رہے یاروں کو نبیؐ "اُحد" میں
چڑھ پہاڑوں پہ جانا بُری بات ہے

جن پہ ناراض بنتِ پیغمبرؐ گئیں
نام ان کے چھپانا بُری بات ہے

مُلّاں کہتا ہے تو چار بوٹے فدک
چھین وہ بھی تو کھانا بُری بات ہے

جب کہ مانگا نبیؐ نے تھا کاغذ قلم
ہذیان کہہ کے مسکرانا بُری بات ہے

جو جلانے کو آئے تھے زہراؑ کا گھر
پیار ان سے جتانا بُری بات ہے

گئے نبیؐ کے جنازے کو جو چھوڑ کر
یار ان کو بنانا بُری بات ہے

کہہ چکے جو "بخن" خم کے میدان میں
پھر سقیفہ میں جانا بُری بات ہے

ہے حقیقت بتانے کی کوشش ریاضؔ
دل کسی کا دُکھانا بُری بات ہے

www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انسانیت کے قاتل

حرص و ہوس کے تابع انسان ہورہا ہے
نیلام کوڑیوں میں ایمان ہو رہا ہے

خوشنودیٔ خدا کی پروا کیے بغیر
ابلیس کی خوشی کا سامان ہو رہا ہے

تقسیم کریں جنت خود موت کے سوداگر
مرضی کا آج ترجمۂ قرآن ہو رہا ہے

دھماکے جو کر رہے ہیں انسانیت کے قاتل
راضی انہی پہ آج شیطان ہو رہا ہے

اسلام کی عظمت کا دنیا کے مذاہب میں
اپنوں کے آج ہاتھوں نقصان ہو رہا ہے

مساجد، امام باڑے، مدارس و سکول
حملوں کا ان پہ جاری فرمان ہورہا ہے

ڈھاتے ہیں اس طرح سے معصوموں پہ مظالم
شیطان خود بھی ان پہ حیران ہو رہا ہے

جو دے رہے ہیں ایسی تربیّتِ تباہی
مجال کوئی ان میں پشیمان ہورہا ہے

بھاتی نہیں کسی کو خوشیاں میرے وطن کی
بربادیوں کا موجب مہمان ہو رہا ہے

جانے کہاں سے آکر دینِ نبیؐ کا دشمن
آقاؤں کے اشاروں پہ قربان ہو رہا ہے

اسلام کے مخالف ہیں جو دورِ مصطفیٰؐ سے
حاصل انہی سے ان کو فیضان ہو رہا ہے

www.ziaraat.com
jabir.abbas@yahoo.com
Sabeel-e-Sakina
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حملے کئے نبیؐ پہ دیئے کربلا میں فتوے
نقصان دین کا ان سے ہر آن ہو رہا ہے

کر انتظام مولاؑ اُن کی ہدایتوں کا
ابلیس کے انکار کا برہان ہو رہا ہے

امامؑ کے ظہور کی دعا تو کر ریاضؔ
ہر نفس اس ظلم سے پریشان ہو رہا ہے

jabir.abbas@yahoo.com
www.ziaraat.com
Sabeel-e-Sakina

اجرِ رسالت

یہ اَجر رسالت کا اُمت نے ہے دیا
زہراؑ کو فدک سے ہی محروم کر دیا

جو لوگ منافق تھے بن بیٹھے مسلماں
اُس وقت انتقام کو دل میں لیا چھپا

جس گھر میں داخلے کی نبیؐ مانگتے اجازت
اس گھر کو آگ لیکر جلانے کوئی گیا

تعظیم فاطمہؑ میں کھڑے ہوتے تھے رسولؐ
کس نے کھڑا بتولؑ کو دربار میں کیا؟

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اصغرؑ کو تیر مارا قاسمؑ کے کئے ٹکڑے
کس جرم میں حسینؑ سے بدلہ یہ ہے لیا؟

چھین کر وہ زیور رہے لوٹتے ردائیں
بے درد مسلماں پھر خیمے گئے جلا

زہراؑ کی بیٹیوں کا کیا جرم تھا ریاضؔ؟
کیوں شہروں میں ان کو پھرایا تھا بے ردا

نوحہ

